# PRESS RELEASE

for immediate release
August 1, 2024

ایس ای سی پی کے ہیڈ آفیس بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

اسلام آباد (یکم اگست) نائب وزیر اعظم اور وفاقی سنئیر وزیر برائے خارجہ جناب محمد اسحاق ڈار نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے برائے خزانہ جناب اورنگزیب، چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ جناب اسحاق ڈار نے کہا کہ ایس ای سی پی کی اپنی عمارت کا قیام اس ادارے کی خود مختاری کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ایس ای سی پی ملکی معشیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمشین میں اصلاحات لانے کے لئے پارلیمنٹ میں جو بھی قانون سازی درکار ہے، حکومت بھرپور تعاون کرے گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ایس ای سی پی کی کی عمارت کے لیے پلاٹ کی 2017 میں ہماری اسوقت کی حکومت نے منظوری دی تھی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عمارت کی تعمیر میں تاخیر نہ کی جائے۔ اسحاق ڈار نہ کہا کہ پاکستان کی معیشت اور مارکیٹ میں ترقی کی بہت صالاحیت موجود ہے اور جس ملک میں 10 ارب ڈالر سے زائد کی ثابت شدہ معدنیات ہوں تو نوجوانوں کو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ سینٹر محمد اورنگزیب نے بھی ایس ای سی پی سے متعلقہ قوانین کی پارلیمنٹ سے منظوری کے لئے وزارت خزانہ کی بھرپور سپورٹ کا یقین دلایا۔ انہوں نے ملک کی مالی حالت کو بہتر بنانے کے لئے کی جانے والی اصلاحات بارے بتاتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام آخری بنانے اور توانائی کے مسائل حل کرنے کے لئے انرجی مکس کی بہتری کے لئے کیلئے اصلاحات لا رہے ہیں۔ انہون نے کہا کہ حکومت ترقی کے لئے ہمیں انرجی مکس کو بہتر بنانا ہے، توانائی کے گردشی قرضوں کو کم کرنا ہے اور بینکوں پر انحصار بھی کم کرنا ہے اور نجکاری پروگرام کو آگے بڑھانا ہے۔

اس موقع پر ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے کہا کہ کاروباری آسانیوں اور سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے کے لئے ایس ای سی پی کے مختلف شعبوں کے ریگولیٹری فریم ورک میں بری اصلاحات متعارف کروا رہے ہیں۔ ایس ای سی پی میں نوجوانوں خصوصاً خواتین

کو بھی مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کو یقین دلایا کہ ایس ای سی پی کی عمارت کی تعمیر کا کام جلد شروع کر دیا جائے اور اور وقت پر مکمل کیا جائے گا۔